# NEW ERA PUBLIC SCHOOL

SESSION : 2021

**Solved Assignment Of Term 2nd**

CLASS 2nd

SUBJECT: URDU A/B

## LESSON NO ÷ 17 کنول کا پھول

### (1) تحریری سوالات :-

سوال 1 :- کس پھول کو پانی کا شہزادہ کہتے ہیں ؟
جواب :- کنول کے پھول کو پانی کا شہزادہ کہتے ہیں
سوال ۲ :- پھولوں کے مختلف رنگوں کے نام بتاؤ -
جواب :- پھولوں کے مختلف رنگ یہ ہیں -
لال - گلابی - زرد - ارغوانی اور لاجوردی -
سوال ۳ :- پھولوں کی کچھ قسموں کے نام بتایئے -
جواب :- پھولوں کی کچھ قسموں کے نام یہ ہیں -
گلاب - چمبیلی - یاسمین وغیرہ -
سوال ۴ :- کنول کے مختلف رنگ کون کون سے ہیں ؟
جواب :- کنول کے مختلف رنگ یہ ہیں -
لال - سفید - زرد اور گلابی -
سوال ۵ :- کنول کہاں کہاں اُگتے ہیں ؟
جواب :- کنول زیادہ تر جھیلوں اور تالابوں میں اُگتے ہیں
سوال ۶ :- کنول کے پتوں پر پانی کے قطرے کیسے لگتے ہیں ؟
جواب :- کنول کے پتوں پر پانی کے قطرے موتیوں کی طرح لگتے ہیں -

### (۲) درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو پر کیجیے :-

(1) پھول قسم قسم کے ہوتے ہیں -
(۲) کنول کو پانی کا شہزادہ کہتے ہیں

PNo 2

(۳) کنول کے پتے جوڑے ہوتے ہیں -
(۴) کنول کے پتوں پر پانی کے قطرے موتی جیسے لگتے ہیں -
(۵) کنول جھیلوں اور نالابوں میں اُگتا ہے -

③ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جوابات پر ٹک لگا دیجیے :-

(1) جو پودے خود بخود اُگ آتے ہیں ان کو خودرو پودے کہتے ہیں -
(i) قدرتی پودے ○ (ii) قسمتی پودے ○ (iii) خودرو پودے ✓

(۲) ایک پھول خشکی پر نہیں بلکہ گہرے پانی میں اُگتا ہے اس کو کنول کا پھول کہتے ہیں -
(i) گلاب ○ (ii) کنول ✓ (iii) چمبیلی کا پھول ○

(۳) کنول کے پتوں پر پانی کے قطرے موتی جیسے لگتے ہیں -

(i) موتی جیسے ✓ (ii) سونا جیسا ○ (iii) تارے جیسے لگتے ہیں

## LESSON NO:- 11 بہار

## ① تحریری سوالات :-

سوال 1 :- بہار کے آنے سے کیا ہوتا ہے ؟
جواب :- بہار کے آنے سے رونق آتی ہے -

P No 3

سوال ۲ :- اس موسم میں سکولوں میں کیوں رونق آتی ہے ؟
جواب :- اس موسم میں سکولوں میں رونق اسلئے آتی ہے
کیونکہ اس موسم میں بچے سکول جاتے ہیں -
سوال ۳ :- جھیل ڈل میں شکارے کب نکلنے لگتے ہیں ؟
جواب :- جھیل ڈل میں شکارے بہار میں نکلنے لگتے ہیں
سوال ۴ :- کشمیر میں سال کے کتنے موسم ہوتے ہیں ؟
جواب :- کشمیر میں سال کے چار موسم ہوتے ہیں -
بہار - گرما - خزان اور سرما -

(۲) درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو پُر کیجیے :-
(1) وہ دیکھو چمن میں ہے آئی بہار (۲) کھلے بیل بوٹے
ہرے ہیں چنار (۳) جدھر دیکھتے ہیں ہری گھاس
ہے - (۴) گلابوں کی پھیلی ہوئی باس ہے (۵) شکارے
ہوئے جھیل ڈل میں رواں (۶) مسرت سے بھرے ہیں
زمین آسمان (۷) خدا کی ہے رحمت اسی روپ میں
(۸) نکل آئے بچے کھلی دھوپ میں -

## LESSON No 19 بڑھیا اور چڑیا

(۱) تحریری سوالات :-

سوال 1 :- بڑھیا نے کون سا پرندہ پالا تھا ؟
جواب :- بڑھیا نے ایک چڑیا پالی تھی
سوال ۲ :- چڑیا کیسی تھی ؟
جواب :- چڑیا ننھی منی اور بھولی بھالی تھی -

سوال ۳ :۔ بڑھیا ایک دن بھوکی آئی تو اس نے کیا کیا ؟
جواب :۔ بڑھیا ایک دن بھوکی آئی تو اس نے جلدی جلدی کھیر پکائی

سوال ۴ :۔ کیا بڑھیا نے چڑیا کو بھی کھیر کھلائی ؟
جواب :۔ بڑھیا نے چڑیا کو کھیر نہیں کھلائی

سوال ۵ :۔ چڑیا نے رات بھر کیا کیا ؟
جواب :۔ چڑیا نے رات بھر چوں چوں کر کے رو یا۔

سوال ۶ :۔ صبح کو جب بڑھیا نے پنجرا کھولا تو چڑیا نے کیا کیا ؟
جواب :۔ صبح کو جب بڑھیا نے پنجرا کھولا تو چڑیا نے چونچوں سے مارا

سوال ۷ :۔ بڑھیا نے جب مٹھی بھر دانہ چڑیا کو کھلا یا تو چڑیا نے کیا کیا ؟
جواب :۔ بڑھیا نے جب مٹھی بھر دانہ چڑیا کو کھلا یا تو چڑیا نے گیت سنایا

(۲) ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جوابات پر ٹک لگا دیجیے :۔

(1) اک بڑھیا نے پالی
(i) چڑیا ✓ (ii) بلبل ○ (iii) کوئل ○

(۲) بڑھیا نے جلدی جلدی پکائی :۔
(i) سبزی ○ (ii) کھیر ✓ (iii) پنیر ○

۳۔ بڑھیا کو کس نے جوتوں سے مارا؟

(۱) کوّے نے ○ (۲) چڑیا نے ✓ (۳) مرغی نے ○

## LESSON NO :- ۲۵ سب بے کار بیٹھے ہیں

① تحریری سوالات :-

سوال 1 :- اکبر بے کار کیوں بیٹھا تھا؟
جواب :- اکبر بے کار اسلئے بیٹھا تھا کیونکہ اختر سوت دیتا نہیں تھا۔

سوال ۲ :- راجو کپاس کیوں نہیں اونٹتا تھا؟
جواب :- راجو کپاس اسلئے نہیں اونٹتا تھا کیونکہ راجو کپاس دیتا نہیں تھا۔

سوال ۳ :- راجو کپاس کیوں نہیں بوتا تھا؟
جواب :- راجو کپاس اسلئے نہیں بوتا تھا کیونکہ کوئی کھدر پہنتا نہیں تھا۔

سوال ۴ :- اکبر کیا کام کرتا تھا؟
جواب :- اکبر کپڑے بننے کا کام کرتا تھا۔

سوال ۵ :- اختر نے بے کار ہونے کی کیا وجہ بتائی؟
جواب :- اختر نے کہا حفیظہ روئی دھنتا نہیں اسلئے اختر بے کار بیٹھا تھا

سوال ۶ :- حفیظہ روئی کیوں نہیں دھنتا تھا؟
جواب :- حفیظہ روئی اسلئے نہیں دھنتا تھا کیوں کہ راجو کپاس اونٹتا نہیں تھا۔

PNO6

(۲) درج ذیل جملوں میں مناسب الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کیجیے :-

(۱) اختر سوتے وقت نہیں تھا۔ (۲) راجو کیا بولتا نہیں تھا
(۳) کوئی کھدر پہنتا نہیں تھا۔ (۴) اکبر کپڑا بنتا نہیں۔
(۵) حفیظہ روئی دھنتا نہیں (۶) راجو کیا وانٹا نہیں
(۷) آپ کھدر پہنتے نہیں (۸) سب بے کار بیٹھے ہیں

نوٹ :- پیارے طالب علموں تمام اسباق کے الفاظ معنی اپنی اردو کاپی پر لکھیے اور زبانی یاد بھی کیجیے جو آپکی اردو کتاب میں قلم بند ہیں

## اردو گرامر

(1) مضمون :-

### ہمارا مدرسہ

(1) ہمارے مدرسے کا نام نیو ایرا پبلک سکول ہے۔
(۲) یہ راجباغ میں واقع ہے
(۳) اس کے بیس کمرے ہیں ہر کمرہ ہوا دار اور صاف ستھرا ہے۔
(۴) استاد کے لئے کرسی اور میز لگے ہوتے ہیں
(۵) لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے الگ الگ بیت الخلا ہیں۔

P No 7

(۶) کھیلنے کے لئے ایک بڑا صحن ہے -
(۷) پرنسپل صاحب کے لئے ایک دفتر ہے -
(۸) ہمارا سکول نو بجے صبح لگتا ہے اور تین بجے بند ہوتا ہے -
(۹) یہاں دسویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہے -
(۱۰) مجھے اپنا مدرسہ بہت پیارا لگتا ہے -

(۲) واحد = جمع واحد = جمع واحد = جمع
(۱) بات = باتیں (۲) رات = راتیں (۳) یاد = یادیں
(۴) کتاب = کتابیں (۵) جماعت = جماعتیں (۶) دال = دالیں
(۷) فریاد = فریادیں (۸) عمارت = عمارتیں (۹) خبر = خبریں
(۱۰) عادت = عادتیں

(۳) مذکر = مونث مذکر = مونث مذکر = مونث
(۱) بوڑھا = بوڑھی (۲) ناگ = ناگن (۳) راجا = رانی
(۴) نواسا = نواسی (۵) مالی = مالن (۶) لکڑہارا = لکڑہارن
(۷) سنار = سنارن (۸) لوہار = لوہارن (۹) کوا = کوی
(۱۰) اونٹ = اونٹنی

(۴) الفاظ = ضد الفاظ = ضد الفاظ = ضد
(۱) موٹا = پتلا (۲) بوڑھا = جوان (۳) گورا = کالا
(۴) عالم = جاہل (۵) حاکم = محکوم (۶) شادی = غم
(۷) سکھ = دکھ (۸) محبت = نفرت (۹) انسان = حیوان
(۱۰) الفت = نفرت

(۵) اپنے دوست کے نام امتحان میں پاس ہونے پر مبارکباد کا خط لکھئے

سری نگر
۲۹ اگست ۲۰۲۰ء

پیارے اکرم / پیاری سارا

سلامت رہو۔
سنا کہ تم دوسری جماعت میں پاس ہو گئے / ہو گئی۔ میری طرف سے مبارک باد قبول کرنا۔ میری طرف سے اپنے ابّو اور امّی جان کو بھی مبارک باد پیش کرنا

تمہارا دوست / تمہاری سہیلی
ا - ب - ج

(6) حکایت نگاری :-

## عقلمند بکریاں

دریا کے اوپر ایک پُل تھا۔ پل کے ایک طرف سے ایک بکری جا رہی تھی۔ دوسری طرف سے ایک دوسری بکری آ رہی تھی۔ پل بہت تنگ تھا۔ دونوں بکریاں بیچ پل پر آ گئیں۔ ایک بکری نے دوسری سے کہا "میں ہموار بیٹھی رہوں گی تم میرے اوپر سے چلی جاؤ گی"۔ دوسری بکری اُس کے اوپر سے چلی گئی اور پل کو پار کیا۔ دوسری بکری بھی اٹھ کر چل پڑی اور پل کے پار پہنچ گئی

اخلاقی نتیجہ :- صبر اور برداشت سے کام بنتا ہے۔

(7) اسم معنوں کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں ؟

PNo 9

جواب :- معنوں کے لحاظ سے اسم کی دو قسمیں ہیں

(۱) اسم معرفہ یا اسم خاص (۲) اسم نکرہ یا اسم عام

اسم معرفہ یا اسم خاص وہ اسم ہے جو کسی خاص شخص، چیز یا جگہ کے نام کو ظاہر کرے - جیسے اقبال - قرآن شریف سری نگر وغیرہ -

اسم نکرہ یا اسم عام وہ اسم ہے جو کسی عام شخص، چیز یا جگہ کے نام کو ظاہر کرے - جیسے آدمی - کتاب - مسجد وغیرہ

(۸) خالی جگہوں کو پر کیجیے :-

(۱) کسی خاص شخص، چیز یا جگہ کو اسم معرفہ کہتے ہیں -
(۲) کسی عام شخص، چیز یا جگہ کو اسم نکرہ کہتے ہیں -
(۳) ڈاکٹر، منبر اور مدرسہ سب اسم نکرہ ہیں -
(۴) عبداللہ، قرآن اور ایران سب اسم معرفہ ہیں -
(۵) اسم نکرہ کا دوسرا نام اسم عام ہے -
(۶) اسم معرفہ کا دوسرا نام اسم خاص ہے -

(۹) درج ذیل اسماء معرفہ کو اسماء نکرہ سے مناسب طور ملائیے -

| | |
|---|---|
| (۱) کریم | انجیل |
| (۲) کتاب | ڈاکٹر |
| (۳) مسجد | بازگر |
| (۴) قلم | نبوی |
| (۵) سری نگر | رہنالی |
| (۶) محمود | شہر |

PNO10

**نوٹ:-** محترم والدین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے بچوں کو اسباق پڑھنے اور سمجھنے میں مدد کریں۔